HBL PSL 2022 7

LEVEL HAI

27 JAN - 27 FEB
KARACHI I LAHORE

وقاص مقصود اسلام آباد یونائیٹڈ کے اسکواڈ میں شامل ہو گئے

کراچی، 29 جنوری 2022ء:

اسلام آباد یونائیٹڈ نے ریس ٹوپلی کی جگہ بائیں ہاتھ کے فاسٹ باؤلر وقاص مقصود کو جزوی متبادل کی حیثیت سے اپنے اسکواڈ میں شامل کرلیا ہے۔ ریس ٹوپلی مکمل ایڈیشن کے لیے دستیاب نہیں ہیں۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کے قواعد وضوابط کے تحت ایک غیر ملکی کھلاڑی کو دوسرے غیر ملکی کھلاڑی سے تبدیل کیا جاسکتا ہے، لہٰذا اسلام آباد یونائیٹڈ چاہے تو ریس ٹوپلی کی جگہ کسی دوسرے غیر ملکی کھلاڑی کو اپنے اسکواڈ میں شامل کرسکتی ہے تاہم فی الحال انہوں نے فوری طور پر وقاص مقصود کو بحیثیت جزوی متبادل اسکواڈ میں شامل کیا ہے۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 7 کی ایونٹ ٹیکنیکل کمیٹی نے جزوی متبادل کھلاڑی کے نام کی منظوری دے دی ہے۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Assistant Manager
Media and Communications

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4